(۱) حبیبِ خدا۔ صفحات ۱۷۴۔
(۲) ستارے۔ صفحات ۱۲۸۔
(۳) جاں بازیاں۔ صفحات ۸۰
(۴) شہیدِ کربلا۔ صفحات ۶۳

از مجیبی صاحب۔ کتابت وطباعت بہتر قیمتیں حسب ترتیب یہ ہیں:- (۱) عہ ۸ ؍۔ (۲) عہ ؍ (۳) ۸ ؍ (۴) ۶ ؍:- بچوں کا بکڈپو کلاں محل دہلی۔

مجیبی صاحب کو قدرت کی طرف سے بچوں اور بچیوں کے لئے زبان وبیان اور مواد کے انتخاب کے اعتبار سے کتابیں لکھنے کا ایک خاص سلیقہ عطا ہوا ہے اور وہ اس میدان میں بڑے کامیاب ہیں۔ یہ چاروں کتابیں بھی موصوف کے قلم کی رہین منت ہیں۔ پہلی کتاب میں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت پاک عورتوں اور بچوں کی عام استعدادِ ذہنی کے مطابق بیان کی گئی ہے۔ دوسری کتاب میں چالیس حضرات صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کے چیدہ چیدہ اور منتخب حالات ہیں۔ تیسری کتاب میں چند ایسے جاں بازوں کی سچی اور تاریخی کہانیاں ہیں جنھوں نے اپنے مذہب، ملک اور قوم کے لئے غیر معمولی جاں فروشی کا مظاہرہ کیا ہے اب رہی چوتھی کتاب! اس میں حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی حیاتِ طیبہ کے حالات اور شہادت کے واقعات بیان کئے گئے ہیں۔ چاروں کتابیں زبان وبیان اور اخلاقی درس وموعظت دونوں کے اعتبار سے بچوں اور بچیوں کے لئے خصوصاً اور متوسط درجہ کی استعداد کے عام لوگوں کے لئے عموماً نہایت مفید اور بصیرت افروز ثابت ہوں گی۔